ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(301)

مورخہ 30.05.24

**بہاول پور( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 07 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ قائم پور پولیس نے شراب فروشی کے مرتکب 01 ملزم وقاص کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ اسی طرح تھانہ صدر بہاولپور، چنی گوٹھ اور تھانہ ہیڈ راجکاں پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان کو گرفتار کر کے ن کے قبضہ سے 06 کلو 685 گرام چرس اور 110 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ تھانہ ڈیراور پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے 01 ملزم ثقلین کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ رائفل 9mm برآمد کر لی۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (302)

30.05.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کا شہریوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد، 35 سے زائد شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے۔ پراپرٹی کے مقدمات میں جلد ریکوری کر کے رپورٹ پیش کریں، تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، شہریوں کے مسائل حل کرنے کیلئے ہر ممکن وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن اور احکامات کی روشنی میں ڈی پی او اسد سرفراز خان کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران 35 سے زائد شہریوں کے مسائل دریافت کئے۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو باری باری تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بذریعہ فون کال بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے جبکہ متعدد ایس ایچ اوز کو کھلی کچہری میں طلب کر کے براہ راست جواب طلبی کی۔ کھلی کچہری میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے متعدد سائلین کی درخواستوں پر انکوائریوں کا حکم دیا اور متعدد پر ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران سے کھلی کچہری میں متعلقہ شہری کی موجودگی میں مقدمات کی پراگریس لی۔ ریکوری کے مقدمات میں ڈی پی او اسد سرفراز خان نے تفتیشی افسران کو حکم دیا ایک ہفتے کے اندر اندر ریکوری کر کے مدعی مقدمہ کے حوالے کر کے رپورٹ جمع کروائیں۔ ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد ہیکہ شہریوں اور پولیس افسران کے درمیان خلیج نہ رہے اور تمام جائز مسائل بروقت میرٹ پر حل ہوں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مقدمات کو طے شدہ ضابطہ کے مطابق بروقت یکسو نہ کرنا اور شہریوں کو انصاف فراہم نہ کرنے والے افسران سے جواب طلبی کی جا رہی ہے، سرکل اور تھانہ جات میں موجود افسران شہریوں کو پہلی فرصت میں انصاف فراہم کریں۔ انہوں نے ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر ہی حل کیے جائیں اور یہی ہمارا اولین فرض بھی ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر منعقد کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل دریافت کرنے کے بعد احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (303)

30.05.24

**بہاولپور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان کا بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کی ویلفیئر کیلئے اہم اقدام، بہاولپور پولیس اور مون سسٹم آف ایجوکیشن بہاولپور کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط۔ پولیس افسران وجوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق بہاولپور پولیس کے افسران و جوانوں کے بچوں کو سستی اور معیاری تعلیم و تربیت کی فراہمی کے لیے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور اسد سرفراز خان اور مون سسٹم آف ایجوکیشن بہاولپور کے پرنسپل نے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے۔مفاہمتی یادداشت کی تقریب ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور میں منعقد ہوئی۔مفاہمتی یادداشت کے مطابق مون سسٹم آف ایجوکیشن بہاولپور پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران وجوانوں کے بچوں کو رعائتی فیسوں پر تعلیم مہیا کریگا۔معاہدے کی رو سے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران وجوانوں کے بچے ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور سے سرٹیفکیٹ حاصل کر کے داخلہ لینے کے مجاز ہونگے۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے کہا کہ ہم پولیس کے شہدا ،حاضر سروس اور ریٹائرڈ آفیسران وجوانوں کے بچوں کی معیاری تعلیم کے لیے مزید عملی اقدامات کریں گے اور مختلف تعلیمی اداروں کے ساتھ مزید ایم او یوز دستخط کیے جائیں گے۔پرنسپل مون سسٹم آف ایجوکیشن بہاولپور نے پولیس کے شہدا، حاضر سروس اور ریٹائرڈ افسران و جوانوں کے بچوں کی تعلیم کے حوالے سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید کہا کہ پولیس جوانوں کی ویلفیئر بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**


Memorandum of Understanding

Between

Punjab Police Government of the Punjab

&

Moon System of Education Bahawalpur

This memorandum of understanding (MOU) is made on May 30, 2024, between Moon System of Education Bahawalpur here in after referred to as the Punjab Police Government of the Punjab which expression shall include its successors and assignees of ONE PART and Moon System of Education Bahawalpur, here in after referred to as the Schools, which expression shall include its representative and assignee of the OTHER PART, for special discounts in tuition fee for the children of officers/officials of Punjab Police martyred, died and serving, on terms and conditions, mentioned herein below:-

1. The Moon System of Education Bahawalpur, shall provide Fee Discounts to the children of employees (Shuhada/Serving and Died during service) of Punjab Police Government of the Punjab who are either studying in the Schools.
2. Students getting concession will have to abide by the prescribed criteria vis-à-vis other students.
3. A student desirous of availing special discounts in fee shall route his/her application along with requisite documents to Principal of Moon System of Education Bahawalpur, through the Punjab Police Government of the Punjab.
4. Any direct application for concession in fee shall not be entertained.



بہاول پور:ڈی پی او اسد سرفراز خان بہاولپور پولیس کے افسران وجوانوں کی ویلفیئر کیلئے مون سسٹم آف ایجوکیشن بہاولپور کی انتظامیہ کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کر رہے ہیں